جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب و روز

وفاق المدارس العربیہ اور کراچی کے جید علماء علماء کرام اور مہتممین حضرات کی دارالعلوم آمد:

۲۷ر اپریل کو بعد از نماز مغرب کو پاکستان اور کراچی کے ممتاز علماء کرام کا ایک نمائندہ وفد حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملک۔ اور خصوصاً سوات وصوبہ سرحد کو درپیش صورتحال کے بارے میں تفصیلی ملاقات کے۔ لئے تشریف لایا۔ اس وفد کی سربراہی لحدیث صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان و مہتمم جامعہ فاروقیہ حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب کرر ہے تھے۔ معزز وفد کے دیگر اراکین میں دارالعلوم کراچی کے مہتمم اور مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی مدظلہ' جامعہ دارالخیر کے مہتمم اور عظیم روحانی شخصیت شیخ الحدیث حضرت مولانا اسفندریار صاحب مدظلہ' جامعہ اشرفیہ سکھر کے مہتمم اور جمعیت علماء اسلام سندھ کے امیر حضرت مولانا محمد اسعد تھانوی' مدظلہ' جامعہ بنوری ٹاؤن کے استاذ حدیث حضرت مولانا فضل محمد صاحب مدظلہ اور معروف روحانی شخصیت حضرت مولانا یحییٰ مدنی مدظلہ' جامعۃ الرشید کے روح رواں استاذ حدیث حضرت مولانا مفتی محمد صاحب مدظلہ' حضرت مولانا عبداللہ کاکاخیل ؒ کے فرزند مولانا عدنان کاکاخیل اور جامعہ فاروقیہ کے نائب مہتمم مولانا ڈاکٹر محمد عادل خان صاحب شامل تھے۔ ان حضرات نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا اور دارالعلوم کی دن دگنی ترقی پر خوشی اور مسرت کا اظہار کیا۔

متاثرین سوات' بونیر' دیر کیلئے دارالعلوم کی امدادی کیمپس اور سرگرمیاں: اپنے ہی ملک میں ہجرت کر کے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور متاثرین سوات' بونیر اور دیر کی امداد کیلئے دارالعلوم حقانیہ کے زیر انتظام حضرت مولانا انوار الحق صاحب نائب مہتمم کی سرپرستی میں ضلع بھر میں مختلف مقامات پر کیمپ لگائے گئے۔ جہاں نقد عطیات کے علاوہ غذائی اجناس' کپڑے اور روزمرہ ضروریات کی دیگر اشیاء بڑے پیمانے پر جمع کی گئیں اور بعد میں امدادی اشیاء ورقوم متاثرین میں منظم طریقے سے تقسیم کی گئیں۔ اس سے قبل بھی متاثرین زلزلہ کے لئے دارالعلوم حقانیہ کے اساتذہ اور طلباء نے مل کر امدادی کارروائیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا۔

سبکان (SEBCON) کی مولانا سمیع الحق صاحب سے انٹرویو: ۹ر مئی کو سبکان کے چیف ایگزیکٹو کامران صادق نے جمہوریت کے موضوع پر مولانا سمیع الحق مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو لیا۔ یہ انٹرویو پاکستان میں برطانوی سفارتخانہ نے اس موضوع پر سروے کیلئے کیا۔ مولانا مدظلہ نے انٹرویو میں واضح کیا کہ مغرب کا اسلامی دنیا اور اپنے لئے جمہوریت کا نقطہ نظر متضاد ہے۔ یہاں جب جمہور اور جمہوریت انکے مفادات میں آڑے آتی ہے تو اسے بے اثر کر دیا جاتا ہے۔

الرحمت ٹرسٹ کے نمائندہ وفد کی دارالعلوم آمد: ۳۰ر اپریل الرحمت ٹرسٹ کا ایک نمائندہ وفد مولانا عبدالرشید